گیان مکرجی پروڈکشن کا تیار کردہ

[illegible]

ستارے
اشوک کمار، بینا رائے
نگار، جگدیش سیٹھی
وغیرہ

قیمت ۱/

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی
(کمال پرنٹنگ پریس دہلی)

سردار کے

گانے

نمبر ۱

چل ری چپلی چپل نیا

چل ری جدھر تو ہے لے کے چلی جائے لہروں پہ پُروَیا

چل ری چپلی چپل نیا

جانے کِس کی راہ نہارے ۔ کون سلونی آنکھ پسارے

لائی سندیسا کِس نگری سے لہروں پہ پُروَیا

من کے پیچھے ڈول رہا ہے ۔ بن کے تن پر چھائی

بادل کی ماری ہرن انکھیاں ۔ کاہے بھر بھر آئیں

چمکیں چم چم لاکھ ستارے ۔ پھر بھی اندھیرے دونوں کنارے

پیا کی نگری تک پونچا دے لہروں پہ پُروَیا

گانا نمبر ۲

ہنسا سکے رُلا سکے وہ پیار ہم سے کیجئے

بتائیں گے وفا ہے کیا جی دِل تو ہم کو دیجئے

جی دِل تو ہم کو دیجئے

شباب ہے رُباب ہے یہ رات لاجواب ہے

نصیب لاجواب ہے نظر اِدھر تو کیجئے

بتائیں گے وفا ہے کیا.....

نئے ہیں سو ادائیں ہم جو تم کہو سنائیں ہم

ہے عشق امتحاں اگر تو امتحاں بھی لیجئے

بتائیں گے وفا ہے کیا...

گانا نمبر ۳

کیا مزے کی بات ہے یہ بات بھی
مجھ کو دیکھ کر ہنسے جہاں تیرا
میں ہنسوں تیرا جہان دیکھ کر
بولا جی حسن پیار سے۔ پھر گئی نظر بہار سے
ہیں خوشی میں دونوں بے خبر
حسن سے یہ کیا خطا ہوئی۔ عشق کی نظر بدل گئی
بے رخی بڑھی کیوں اس قدر
ہے خوشی کے ساتھ غم کی شام۔ بس اسی کا زندگی ہے نام
یہ سمجھ کے چل تو راہ پر

گانا نمبر ۲

جب سے نظر ملی دل کو خبر نہیں اپنی خبر نہیں ہائے رے
قدم قدم پر آج شرم سے نرم جیا بل کھائے رے
ہو ہو ہو ہو اپنی خبر نہیں ہائے رے
نینوں کے پٹ کھل گیا کوئی آ کے
پیار کی بولی بول گیا اٹھلا کے
پلٹ پلٹ کر کون کپٹ سے نٹ کھٹ موہے للچائے رے
قدم قدم پر آج شرم سے نرم جیا بل کھائے رے
ہو ہو ہو ہو اپنی خبر نہیں ہائے رے
سانسوں میں طوفان اٹھایا کس نے
اک انجانا گیت سنایا کس نے
چھل چھل کر کون چھل سے پل پل موہے کلپائے رے
قدم قدم پر آج شرم سے نرم جیا بل کھائے رے

ہو ہو ہو ہو ہو اپنی خبر نہیں ہائے رے
دور دور سنجر رہو گے کیسے
گپ چپ گپ چپ جل سہو گے کیسے
من کے چمن میں کہیں گگن پہ اگن نہیں برسائے رے
قدم قدم پر آنچ شرم سے نرم جیا بل کھائے رے
ہو ہو ہو ہو اپنی خبر نہیں ہائے رے

گانا نمبر ۵

برکھا کی رات میں ہے ہو ہا
رس برسے نیل گگن سے رس برسے نیل گگن سے
برکھا کی رت ......
ٹپ ٹپ آئیں میرا آنچل بھگوئیں
ٹپ ٹپ آئیں میرے مکھڑے کو دھوئیں
میرا کانپ جائے جیا بوندن سے
رس برسے نیل گگن سے
کوئی کہے بادل سے موتی گرے
کوئی کہے رات ہائے روتی پھرے
میں تو مانگ لائی ساون کو پیا گن سے
رس برسے نیل گگن سے
چھم چھم تیر با جیت کو چرائے
اٹھتی کلیجے میں چبھکے ہے ہائے
جب سے پھرا ہے مکھ میں نے پچپن سے
رس برسے نیل گگن سے

بھیگے ہے تن پھر بھی جلتا ہے من
جیسے کے جل میں لگی ہو اگن
رام سب کو بچائے اس الجھن سے
رس برسے نیل گگن سے

گانا نمبر ۲

نیند نگوڑی بن گئی بیرن ہائے آج رے
رہا نہ جائے بن کیسے کہوں تو آئے لاج
جیرا کلپے ہے ساری رات
پردیسی راجہ تورے بنا مورا جیرا کلپے ہے ساری رات
تڑپت ہوں ایسے جیسے جل بن مچھریا
برست ہیں انکھیاں ایسے جیسے بدریا
مورے نینوں میں لاگی برسات
پردیسی راجہ.....
آجا ہٹیلے تو ہے کب سے پکاروں
پلکوں سے پاپی توری راہیں بوہاروں
سکی آنکھیں یہ انسوا بہات
پردیسی راجہ.....
کب توں جلائے راکھوں آشا کی باتی
کب توں بنائے راکھوں پتھر کی چھاتی
ہائے ہائے رے مجبور بھئی جات
پردیسی راجہ.....
گانا نمبر ۳

آئی جھوم کے دیوانی لئے پیار کی نشانی
ذرا دِل تُو سنبھل جانا، پھِل کہیں مت جانا تجھے اپنی قسم
تجھ کو ہنسانے، تڑپانے، ہزاروں انجانے، تیرے گھر آئیں
بن کے دیوانے، پروانے۔ بے جانے پہچانے، یہاں مندرائیں
گر جینا ہے تو دھو کے سے ذرا دِل کو سنبھل جانا
کوئی اگر للچائے، تجھے بہلائے، بنے دلدارا
دردِ جگر دِکھلائے، قسم بھی کھائے، کہے ہائے مارا
ان گھاتوں سے اور باتوں سے ذرا دِل تُو سنبھل جانا
یہ ہیں زمانے والے بڑے متوالے، سبھی سوداگر
پڑنا نہ ان کے پالے، نہ کرنا حوالے، نظر ہر جا گی
کوئی آنکھیں نچا نچا کیسے نہ، ذرا دِل تُو سنبھل جانا

گانا نمبر ۸

کھِلی کلی ارمان کی ـــ پرواہ کِسے جہان کی
پیار میں اب تو بازی لگادی۔ مَیں نے اپنی جان کی
آج چھلکتے جام لے ـ میرے لاکھ سلام لے
جی بھر کے جی، بھر بھر کے پی۔ مرضی مہربان کی
تُو دِل کے ہر راز میں ـ میرے ہر انداز میں
میرا جہاں تجھ میں نہاں۔ کھاؤں قسم جان کی
محفل کی آغوش میں ـ کر دوں تجھے مدہوش میں
ارماں جگیں، پھر نہ لگیں۔ نظر بن بے ایمان کی

گانا نمبر ۹

پیار کی یہ تلخیاں جو نہ سہہ سکوں، تو مَیں کیا کروں

دِل کا قرار لیکے منم تم جو چل دیئے
آنج میرے تم پہ یہ آنسو بھی ہنس دیئے
سہمی پڑی ہیں یوں مجھے مجھ بن از یاسباں ۔ پیار کی یہ تلخیاں
آنکھوں میں رہا تیرے مِلنے کی آرزو
سُونی تھی چاندنی ہے ہوا جب سے دُور تو
اشکوں کا بس چلے تو کریں تجھ سے جا بیاں ۔ پیار کی یہ تلخیاں
قیمت سے پوچھتی ہے محبت تو یہ بتا
نامُراد کیوں رہی میری حسین دُعا
کیا بل گیا تجھے مجھے یوں دیکے آسماں ۔ پیار کی یہ تلخیاں
(ختم شُد)

عشرتِ شباب

یہ لاجواب کتاب اچھے دہلی کے مشہور حکیم محمد اجمل خاں صاحب کے والد بزرگوار محمود خاں صاحب نے نوجوانوں پر رحم فرما کر تصنیف کی ہے۔ جس نے اس کتاب کا ایک صفحہ بھی بغور پڑھا۔ دِل و جان سے اس کا دلدادہ بن گیا۔ اس کتاب میں حکیم صاحب نے اپنی تمام عُمر کا تجربہ بغیر کسی بخل کے درج کر دیا ہے۔ نوجوانوں کیلئے مستورات کے بارے میں وہ وہ معلومات و ہدایات درج فرمائی ہیں۔ جنہیں یہاں لکھنے کی قانون اجازت نہیں دیتا۔ اگر آپ ابھی تک اس نایاب چیز سے محروم ہیں تو آج ہی طلب کریں۔

قیمت صرف ۱/۔ علاوہ محصولڈاک معاف

مِلنے کا پتہ

رتن اینڈ کو بُک سیلرز دریبہ کلاں دہلے

فلمی گانوں کی ایک بہترین کتاب

سنیما سنگیت عرف گویوں کا گورو

یہ ۵۰۰ فلمی گانوں کی وہ لاجواب کتاب ہے۔ جسے ملک نے بیحد پسند کیا ہے۔ اسمیں تقریباً ۲۵۰ بہترین فلموں کے چنیدہ گانے چھاپے گئے ہیں۔ جنہیں زمانہ حال کے مشہور ستاروں مثلاً کامنی کوشل۔ نرگس۔ ثریا۔ گیتابالی۔ بینا۔ نمی۔ وجینتی مالا۔ ریحانہ۔ شکیلہ۔ شیاما۔ اوشاکرن۔ اور اشوک کمار۔ دلیپ کمار۔ دیوآنند۔ کشور کمار۔ پردیپ کمار۔ راج کپور۔ بھارت بھوشن وغیرہ وغیرہ نے گایا ہے جنکو ایک بار پڑھنے و سننے سے انسان تڑپ جاتا ہے۔

قیمت صرف ۱-۸ محصولڈاک معاف

فلم میں بھرتی ہونے سے پیشتر اپنے آپکو مکمل ایکٹر بنا لینا ضروری ہے

فلم ایکٹنگ گائیڈ کا مطالعہ کیجئے

اس کتاب میں ایکٹر بننے کے طریقے درج کئے گئے ہیں۔ ایکٹنگ کیا ہے۔ اور کیسے کیا جاتا ہے۔ ایکٹر بننے اور بھرتی ہونے کیلئے کیا کیا ہونا ضروری ہے۔ تمام باتیں آسان اردو زبان میں لکھی گئی ہیں۔ آخر میں تمام مشہور فلم کمپنیوں کے پتے ایکٹروں اور ایکٹریسوں کے حالات نیز پرائیویٹ پتے بھی درج کردیئے گئے ہیں۔ تاکہ ہر شخص کو ان سے خط و کتابت کرنے میں آسانی ہو۔ قیمت صرف ۱-۸ محصولڈاک معاف

ملنے کا پتہ

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی